ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 02199212639

پاکستان اور ویسٹ انڈیز ویمن کرکٹ ٹی ٹوئنٹی میچز کے دوران سیکیورٹی اقدامات کو غیر معمولی بنایا جائے۔آئی جی سندھ

کراچی 25 جنوری 2019ء۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے پولیس کو ہدایات جاری کی ہیں کہ نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں ہونیوالے پاکستان اور ویسٹ انڈیز ویمنز کرکٹ ٹیمز کے درمیان ٹی ٹوئنٹی میچز کے موقع پر سیکیورٹی کے مجموعی امور کو ہر لحاظ سے فول پروف بنایا جائے اور اس ضمن میں باقاعدہ سیکیورٹی/ٹریفک پلانز کی فی الفور ترتیب اور عمل داری کے ضمن میں باقاعدہ ریہرسل کو بھی یقینی بنایا جائے۔

انہوں نے کہا کہ کنٹی جنسی پلانز کے تحت زونز اور اضلاع کے لحاظ سے نا صرف سیکیورٹی بلکہ مرکزی روٹ پر اچانک خراب ہوجانیوالی گاڑیوں کو فوری طور پر ہٹانیکے لیئے لفٹر کی دستیابی کو بھی ممکن بنانے سمیت روٹ پر ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لیئے متعلقہ ٹریفک پولیس افسران کو بالخصوص پابند بنایا جائے۔

انہوں نے کہا کہ متبادل روٹس پر اسٹریٹ لائٹس کی بحالی اور درکار حصہ مرمت کے حوالے سے کمشنر کراچی کو باقاعدہ سفارشات ارسال کی جائیں۔انہوں نے کہا کہ مفاد عامہ اقدامات کے تحت متبادل روٹس کی نا صرف مناسب تشہیر بلکہ شہریوں کی رہنمائی کے لیئے ٹریفک پولیس افسران اور جوانوں کی ڈپلائمنٹ کے عمل کو بھی ممکن بنایا جائے۔

آئی جی سندھ نے اسپیشل برانچ پولیس کو ہدایات دیں کہ ائیر پورٹ پر قائم ڈیسک کے تحت تفویض کردہ جملہ ذمہ داریوں کو ہر سطح پر مربوط اور مؤثر بنایا جائے۔

انہوں نے زونل ڈی آئی جیز کو ہدایات دیں کہ میچز کے انعقاد سے قبل تا اختتام رینڈم اسنیپ چیکنگ، پیٹرولنگ، ریکی نگرانی وناکہ بندی جیسے اقدامات سمیت دیگر ضروری سیکیورٹی اقدامات کو مزید سخت اور غیر معمولی بنایا جائے۔

آئی جی سندھ کا کہنا تھا کہ ویمنز کرکٹ ٹی ٹوئنٹی سیریز کے شیڈول کو سامنے رکھتے ہوئے سیکیورٹی اور ٹریفک پلانز میں پی ایس ایل سیزن فور کے کراچی میں ہونیوالے جملہ ایک روزہ کرکٹ میچز کے دوران پولیس حکمت عملی اور لائحہ عمل سمیت افرادی قوت کے استعمال/ڈپلائمنٹ پر بھی خصوصی فوکس رکھا جائے۔

؛،؛،؛،؛،؛،؛،؛